میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ پاکستان

بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ مِنكُمۡ وَعَمِلُواْ ٱلصَّٰلِحَٰتِ لَيَسۡتَخۡلِفَنَّهُمۡ فِي ٱلۡأَرۡضِ كَمَا ٱسۡتَخۡلَفَ ٱلَّذِينَ مِن قَبۡلِهِمۡ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمۡ دِينَهُمُ ٱلَّذِي ٱرۡتَضَىٰ لَهُمۡ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّنۢ بَعۡدِ خَوۡفِهِمۡ أَمۡنٗاۚ يَعۡبُدُونَنِي لَا يُشۡرِكُونَ بِي شَيۡـٔٗاۚ وَمَن كَفَرَ بَعۡدَ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡفَٰسِقُونَ﴾

حزب التحریر
HIZB UT TAHRIR

منگل، 28 جمادی الثانی، 1440ھ | 05/03/2019 | نمبر: 1440/39

پریس ریلیز

# عمران خان نے مقبوضہ کشمیر کی تحریک مزاحمت کے خلاف ٹرمپ اور مودی کی صلیبی جنگ کو مکمل طور پر گلے لگا لیا ہے

ٹرمپ اور مودی کی جانب سے مقبوضہ کشمیر کی مقدس تحریک مزاحمت و آزادی کو کچلنے کی صلیبی کوشش میں عمران خان ان کا مکمل ساتھ دے رہا ہے۔ یہ وہ تحریکِ آزادی ہے جس نے آج تک تمام تر بھارتی مظالم اور شہادتوں کے باوجود "کشمیر بنے گا پاکستان" کے نعرے سے دستبرداری اختیار نہیں کی۔ 4 مارچ 2019 کو پاکستان کی وفاقی حکومت نے یو این سیکیورٹی کونسل ایکٹ 1948 کی روشنی میں سلامتی کونسل آرڈر 2019 جاری کیا۔ یہ حکم نامہ باجوہ-عمران حکومت کی ان کوششوں کا حصہ ہے جس کے تحت حکومت اُن جماعتوں کے خلاف اپنے تمام وسائل کو استعمال میں لاتے ہوئے ایکشن لینے کی تیاری کر رہی ہے جو کئی دہائیوں سے مقبوضہ کشمیر کی مقدس مزاحمتی تحریک کی حمایت کرتے چلے آئیں ہیں۔

اے پاکستان کے مسلمانو! مودی کے جارحانہ عمل اور داخلی طور پر کمزوری کے باوجود عمران خان مودی کو تحفہ دینے کی تیاریوں میں مصروف ہے تاکہ مقبوضہ کشمیر میں اس کی پست ہمت افواج کے وحشیانہ قبضے کو تقویت فراہم کی جائے۔ عمران خان کشمیر کی مزاحمتی تحریک کو ملنے والی حمایت کو ختم کرنے کے درپے ہے جبکہ یہ وہ وقت ہے کہ اس تحریک کو مکمل مسلح کرنا چاہیے اور اس کی مکمل حمایت کرنی چاہیے تاکہ بھارت کی تھکی ہوئی پست ہمت افواج مقبوضہ کشمیر سے نکلنے پر مجبور ہو جائیں۔ عمران خان مقبوضہ کشمیر پر مودی کے شکنجے کو اس وقت مضبوط کر رہا ہے جب پاکستان کی بہادر افواج نے بھارتی افواج کو منہ توڑ جواب دے کر اپنی صلاحیتوں کا بھرپور اظہار کر دیا ہے اور جب بھارتی افواج اپنے زخم چاٹ رہیں ہیں۔ عمران خان مقبوضہ کشمیر پر بھارتی بالادستی کو برقرار رکھنے کی راہ ہموار کر رہا ہے کیونکہ کشمیر کی تحریک مزاحمت کو "دہشت گردی" قرار دینا امریکا کے اس منصوبے کا حصہ ہے جس کے تحت وہ یہ چاہتا ہے کہ خطے میں بھارت کی طاقت کو چیلنج کرنے والی قوتیں ختم ہو جائیں تاکہ وہ خطے کی بالادست قوت بن سکے۔ عمران خان ہندو ریاست کے سامنے مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں کی حمایت سے پیچھے ہٹ رہا ہے جبکہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا، **وَمَا لَكُمْ لاَ تُقَاتِلُونَ فِى سَبِيلِ ٱللَّهِ وَٱلْمُسْتَضْعَفِينَ مِنَ ٱلرِّجَالِ وَٱلنِّسَآءِ وَٱلْوِلْدَانِ ٱلَّذِينَ يَقُولُونَ رَبَّنَآ أَخْرِجْنَا مِنْ هَـٰذِهِ ٱلْقَرْيَةِ ٱلظَّالِمِ أَهْلُهَا**" اور تم کو کیا ہوا ہے کہ اللہ کی راہ میں اور اُن بے بس مردوں اور عورتوں اور بچوں کی خاطر نہیں لڑتے جو دعائیں کیا کرتے ہیں کہ اے پروردگار ہم کو اس شہر سے جس کے رہنے والے ظالم ہیں نکال کر کہیں اور لے جا" (النساء 4:75)۔ ہم سب پر لازم ہے کہ کشمیر کی مزاحمت کے خلاف اس سازش پر آواز بلند کریں کیونکہ اس سازش کی کامیابی اس دنیا کی زندگی میں ذلت و رسوائی اور آخرت میں اللہ کا عذاب کا باعث بنے گی۔

اے افواج پاکستان کے شیرو! یہ بات واضح ہے کہ عمران خان بھی اسی غداری کی راہ پر چل رہا ہے جس پر اس سے پہلے مشرف اور نواز شریف چل رہے تھے جبکہ جولائی 2018 کے انتخابات سے قبل اس کا موقف تھا کہ "مودی کا جو یار ہے غدار ہے غدار ہے"۔ آپ پر لازم ہے کہ پاکستان اور مقبوضہ کشمیر کے مسلمانوں کے خلاف ہونے والی اس سازش کو ملیامیٹ کر دیں۔ آزاد کشمیر طاقت کے ذریعے آزاد کرایا گیا تھا اور ان شاء اللہ مقبوضہ کشمیر بھی آپ کے ہاتھوں آزاد ہو گا۔ نبوت کے طریقے پر خلافت کے قیام کے لیے نصرۃ (مدد) فراہم کریں۔ ایک بار پھر امت کی ڈھال، خلافت، کو بحال کر دیں تاکہ آپ کے خون اور ہتھیاروں کے ذریعے دشمنوں سے اس امت کی حفاظت ہو سکے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، **إِنَّمَا الْإِمَامُ جُنَّةٌ يُقَاتَلُ مِنْ وَرَائِهِ وَيُتَّقَى بِهِ** "یقیناً امام (خلیفہ) ڈھال ہے جس کے پیچھے رہ کر تم لڑتے ہو اور اس کے ذریعے تم تحفظ حاصل کوتے ہو" (مسلم)۔

## ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس